jk"Vh; mnw Hkk"kk fodkl ifj"kn

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون

Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated:26/01/2021

ہندوستانی جمہوریت کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمے داری: ڈاکٹر شیخ عقیل احمد

72ویں یومِ جمہوریہ کی مناسبت سے قومی اردو کونسل میں پرچم کشائی کی تقریب

نئی دہلی: یومِ جمہوریہ کی مناسبت سے آج قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے صدر دفتر میں کونسل کے ڈائرکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد کے ہاتھوں پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقعے پر خطاب کرتے ہوئے شیخ عقیل احمد نے ہندوستانی جمہوریت کی خصوصیات پر روشنی ڈالی۔ انھوں نے کہا کہ ہندوستان دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت ہے اور ہمیں اس پر فخر ہے۔ شیخ عقیل نے کہا کہ ہمارے ملک کا آئین تمام شہریوں کو رہنے، کھانے پینے اور اپنی مرضی کے مطابق کسی بھی مذہب پر عمل کرنے کی آزادی دیتا ہے، ساتھ ہی ملک کی فلاح وترقی کے لیے مل جل کر جدوجہد کی تلقین کرتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہم تمام شہریوں کو جہاں اپنے حقوق کا ادراک ہونا چاہیے وہیں اپنی ذمے داریوں کا بھی احساس ہونا چاہیے اور بطور شہری ان کی ادائیگی پر توجہ دینی چاہیے۔ شیخ عقیل نے کہا کہ 72ویں یوم جمہوریہ کے موقعے پر ہم سب یہ عہد کرتے ہیں کہ اپنے ملک کی جمہوریت کی روح کے تحفظ کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے اور اس کے وقار و اعتبار کو بلند کرنے، ساتھ ہی اس کی ہمہ جہت ترقی کے لیے اپنا مطلوبہ کردار پورے اخلاص اور لگن کے ساتھ ادا کریں گے۔ پرچم کشائی کی اس تقریب میں کونسل کے تمام اسٹاف موجود رہے۔

(رابطہ عامہ سیل)